		اور زمین میں کئی طرح کے قطعات ہیں۔ ایک دوسرے سے ملے ہوئے۔ اور انگور کے باغ اور کھیتی اور کھجور کے درخت۔ بعض کی بہت سی شاخیں ہیں اور بعض کی اتنی نہیں ہوتیں باوجودیکہ پانی سب کو ایک ہی ملتا ہے اور ہم بعض میووں کو بعض پر لذت میں فضیلت دیتے ہیں اور اس میں سمجھنے والوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں۔	
قِنۡوَانٌ		وَهُوَ الَّذِيۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَىۡءٍ فَاَخۡرَجۡنَا مِنۡهُ خَضِرًا نُّخۡرِجُ مِنۡهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا وَمِنَ النَّخۡلِ مِنۡ طَلۡعِهَا قِنۡوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنۡ اَعۡنَابٍ وَّالزَّيۡتُوۡنَ وَالرُّمَّانَ مُشۡتَبِهًا وَّغَيۡرَ مُتَشَابِهٍ اُنۡظُرُوۡۤا اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثۡمَرَ وَيَنۡعِهٖ اِنَّ فِيۡ	6-99

ذٰلِكُمۡ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۹۹﴾

اور وہی تو ہے جو آسمان سے مینہ برساتا ہے۔ پھر ہم ہی جو مینہ برساتے ہیں اس سے ہر طرح کی نباتات اگاتے ہیں۔ پھر اس میں سے سبز سبز پودے نکالتے ہیں اور ان پودوں سے ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے دانے نکالتے ہیں۔ اور کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغ اور زیتون اور انار جو ایک دوسرے سے ملتے جلتے بھی ہیں اور نہیں بھی ملتے یہ چیزیں جب پھلتی ہیں تو ان کے پھلوں پر اور جب پکتی ہیں تو ان کے پکنے پر نظر کرو۔ ان میں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں اللہ کی قدرت کی بہت سی نشانیاں ہیں۔

ادغام مثلین (ایک قسم کے حروف کا ادغام)

اگر ایک دوسرے کے بعد کے دو حروف ایک جیسے ہیں۔ جب پہلے حرف پر سکون (ْ) اور دوسرے حرف پر تشدید (ّ) ہے تو تلاوت کے وقت دونوں حروف کا آپس میں ادغام ہو جائے گا۔

ت تّ		الآیت	آیت/سورہ
تُ تّ		اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ اشۡتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالۡهُدٰی ۠ فَمَا	2-16

	رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۶﴾		
	یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی خریدی تو نہ تو انکی تجارت ہی نے کچھ نفع دیا اور نہ یہ ہدایت یاب ہی ہوئے۔		
5-61	وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾		دْ دّ
	اور جب یہ لوگ تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے حالانکہ کفر لے کر آتے ہیں اور اسی کو لے کر جاتے ہیں۔ اور جن باتوں کو یہ چھپاتے ہیں ہیں اللہ انکو خوب جانتا ہے۔		
21-87	وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ ق اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ ﴿۸۷﴾		ذْ ذّ
	اور مچھلی والے پیغمبر یعنی یونس کو یاد کرو جب وہ اپنی قوم سے ناراض ہو کر غصے کی حالت میں چل دیئے اور خیال کیا کہ ہم ان پر گرفت نہیں کریں گے مگر پھر اندھیروں میں اللہ کو		

		پکارنے لگے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے اور بیشک میں قصوروار ہوں۔	
كُكّ		اَيۡنَ مَا تَكُوۡنُوۡا يُدۡرِكْكُّمُ الۡمَوۡتُ وَلَوۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ بُرُوۡجٍ مُّشَيَّدَةٍ‌ ؕ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ حَسَنَةٌ يَّقُوۡلُوۡا هٰذِهٖ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ‌ ۚ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٌ يَّقُوۡلُوۡا هٰذِهٖ مِنۡ عِنۡدِكَ‌ ؕ قُلۡ كُلٌّ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ‌ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَۤاءِ الۡقَوۡمِ لَا يَكَادُوۡنَ يَفۡقَهُوۡنَ حَدِيۡثًا ﴿۷۸﴾	4-78
		تم کہیں رہو موت تو تمہیں آکر رہے گی خواہ مضبوط قلعوں میں رہو۔ اور ان لوگوں کو اگر کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو اے پیغمبر تم سے کہتے ہیں کہ یہ آپ کی وجہ سے ہمیں پہنچی ہے۔ کہہ دو کہ رنج و راحت سب اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ ان لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ بات بھی نہیں سمجھ سکتے۔	
عُ عّ		قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنِكَ‌ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاۡوِيۡلِ مَا لَمۡ تَسۡتَطِعْعَّلَيۡهِ صَبۡرًا ﴿۷۸﴾	18-78
		خضر نے کہا کہ اب مجھ میں اور تم میں علیحدگی۔ مگر جن باتوں پر	

	تم صبر نہ کر سکے میں انکا تمہیں بھید بتائے دیتا ہوں۔		
8-72	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۷۲﴾		وٗاوّٓ
	جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے لڑے۔ وہ اور جنہوں نے ہجرت کرنے والوں کو جگہ دی اور انکی مدد کی وہ آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں اور جو لوگ ایمان تو لے آئے لیکن ہجرت نہیں کی تو جب تک وہ ہجرت نہ کریں تم کو انکی رفاقت سے کچھ سروکار نہیں۔ اور اگر وہ تم سے دین کے معاملات میں مدد طلب کریں تو تم کو مدد کرنی لازم ہے۔ مگر ان لوگوں کے مقابلے میں کہ تم میں اور ان میں صلح کا عہد ہو اور اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے۔		

ادغام متقاربین (ایک مقام مخرج کے حروف کا ادغام)

جب پہلے حرف پر سکون (ْ) اور دوسرے حرف پر تشدید (ّ) ہے اور اگر تلاوت میں دونوں ایک ہی مقام مخرج کے ہیں۔ تو تلاوت کے وقت ساکن حرف کا اس کے بعد کے حرف میں ادغام ہو جائے گا۔

	الآیت		آیت/سورہ
قْ كّ	اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾		77-20
	کیا ہم نے تمکو حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا۔		
بْ مّ	وَ هِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۗ وَ نَادٰى نُوْحُ ابْنَهٗ وَ كَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾		11-42
	اور وہ انکو لے کر طوفان کی لہروں میں چلنے لگی لہریں کیا تھیں گویا پہاڑ تھے اس وقت نوح نے اپنے بیٹے کو جو کشتی سے الگ تھا پکارا کہ بیٹا ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں میں شامل نہ ہو۔		
لْ رّ	وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾		17-80
	اور کہو کہ اے پروردگار مجھے مدینے میں اچھی طرح داخل کیجیو اور		

		مکے سے اچھی طرح نکالیو۔ اور اپنے ہاں سے زور و قوت کو میرا مددگار بنائیو۔	
نْ رَّ		قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوسٰى ﴿٤٩﴾	20-49
		فرعون نے کہا کہ موسیٰ تمہارا پروردگار کون ہے۔	

ادغام متجانسین (ملتے جلتے قسم کے حروف کا ادغام)

جب پہلے حرف پر سکون (ْ) اور دوسرے حرف پر تشدید (ّ) ہے اور اگر دونوں حروف ملتے جلتے مخرج کے ہیں۔ تو تلاوت کے وقت ساکن حرف کا اس کے بعد کے حرف میں ادغام ہو جائے گا۔

		الآیت	آیت/سورہ
طْ تّ		لَئِنْ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَا اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ اِنِّيْۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾	5-28
		اگر تو مجھے قتل کرنے کے لئے مجھ پر ہاتھ چلائے گا تو میں تجھکو قتل کرنے کے لئے تجھ پر ہاتھ نہیں چلاؤں گا۔ مجھے تو اللہ رب العالمین سے ڈر لگتا ہے۔	
تْ دّ		قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَ لَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾	10-89

	اللہ نے فرمایا کہ تمہاری دعا قبول کرلی گئی تو تم ثابت قدم رہنا اور بے عقلوں کے رستے پر نہ چلنا۔		
4-64	وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوۡ اَنَّهُمۡ اِذۡ ظَّلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ جَآءُوۡكَ فَاسۡتَغۡفَرُوا اللّٰهَ وَ اسۡتَغۡفَرَ لَهُمُ الرَّسُوۡلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيۡمًا ﴿۶۴﴾		ذ ظّ
	اور ہم نے جو پیغمبر بھی بھیجا ہے اسی لئے بھیجا ہے کہ اللہ کے فرمان کے مطابق اس کا حکم مانا جائے۔ اور یہ لوگ جب اپنے حق میں ظلم کر بیٹھے تھے اگر تمہارے پاس آتے اور اللہ سے بخشش مانگتے اور پیغمبر بھی ان کے لئے بخشش طلب کرتے تو اللہ کو معاف کرنے والا بڑا مہربان پاتے۔		
3-72	وَقَالَتۡ طَّآٮِٕفَةٌ مِّنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ اٰمِنُوۡا بِالَّذِىۡۤ اُنۡزِلَ عَلَى الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَجۡهَ النَّهَارِ وَاكۡفُرُوۡۤا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ۖ ۚ ﴿۷۲﴾		تُ طّ
	اور اہل کتاب ایک گروہ اپنے آدمیوں سے کہتا ہے کہ جو کتاب مومنوں پر نازل ہوئی ہے اس پر دن کے شروع میں تو ایمان		

لے آیا کرو اور اس کے آخر میں انکار کر دیا کرو تا کہ وہ اسلام سے
برگشتہ ہو جائیں۔

اقلاب

اگر نون ساکن نْ اور تنوین (ً ٍ ٌ) کے بعد حرف ب آجائے تو نون ساکن نْ اور تنوین (ً ٍ ٌ) کو ایک چھوٹے م ساکن (م) سے بدل دیا جائے گا اور اس کو غنہ کے ساتھ ادا کیا جائے گا۔

		الآیت	آیت/سورہ
نْ ب		الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَ يَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾	2-27
		جو اللہ کے اقرار کو مضبوط کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں اور جس چیز یعنی رشتہ قرابت کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اسکو قطع کئے ڈالتے ہیں اور زمین میں خرابی کرتے ہیں یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔	
نْ ب		فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَمَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾	2-181
		پھر جو شخص وصیت کو سننے کے بعد اسکو بدل ڈالے تو اس کے بدلنے کا گناہ انہیں لوگوں پر ہے جو اس کو بدلیں اور بیشک اللہ	

	سنتا جانتا ہے۔		
2-18	صُمٌّۢ بُكۡمٌ عُمۡیٌ فَهُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ ۙ﴿۱۸﴾ یہ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں کہ کسی طرح سیدھے رستے کی طرف لوٹ ہی نہیں سکتے۔		ب (ٍ ٌ ً)
2-236	لَا جُنَاحَ عَلَیۡكُمۡ اِنۡ طَلَّقۡتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمۡ تَمَسُّوۡهُنَّ اَوۡ تَفۡرِضُوۡا لَهُنَّ فَرِیۡضَةً ۚۖ وَّ مَتِّعُوۡهُنَّ ۚ عَلَی الۡمُوۡسِعِ قَدَرُهٗ وَ عَلَی الۡمُقۡتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًۢا بِالۡمَعۡرُوۡفِ ۚ حَقًّا عَلَی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۲۳۶﴾ اور اگر تم عورتوں کو ان کے پاس جانے یا ان کا مہر مقرر کرنے سے پہلے طلاق دے دو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ ہاں ان کو دستور کے مطابق کچھ خرچ ضرور دو یعنی مقدور والا اپنے مقدور کے مطابق دے اور تنگدست اپنی حیثیت کے مطابق نیک لوگوں پر یہ ایک طرح کا حق ہے۔		ب (ٍ ٌ ً)

حرف الرّا

جب حرف ر پر زبر یا پیش ہو تو اس کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل بھرے ہوئے ہونے کی کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

الحرف		الآیت	آیت/سورہ
رَ		أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۖ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿١٦﴾	2-16
		یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی خریدی تو نہ تو انکی تجارت ہی نے کچھ نفع دیا اور نہ یہ ہدایت یاب ہی ہوئے۔	
رُ		كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢٨﴾	2-28
		تم اللہ سے کیونکر منکر ہو سکتے ہو جس حال میں کہ تم بے جان تھے تو اس نے تم کو جان بخشی پھر وہی تم کو مارتا ہے پھر وہی تم کو زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔	

جب حرف ر پر زیر ہو تو اس کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل خالی ہونے کی کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

الحرف	الآیت	آیت/سورہ

2-54	وَاِذۡ قَالَ مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ يٰقَوۡمِ اِنَّكُمۡ ظَلَمۡتُمۡ اَنۡفُسَكُمۡ بِاتِّخَاذِكُمُ الۡعِجۡلَ فَتُوۡبُوۡۤا اِلٰى بَارِئِكُمۡ فَاقۡتُلُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ عِنۡدَ بَارِئِكُمۡ فَتَابَ عَلَيۡكُمۡ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿۵۴﴾ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ بھائیو تم نے بچھڑے کو معبود ٹھہرانے میں اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے تو اپنے پیدا کرنے والے کے آگے توبہ کرو پھر اپنوں کو قتل کرو۔ تمہارے خالق کے نزدیک تمہارے حق میں یہی بہتر ہے پھر اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا وہ بیشک بڑا معاف کرنے والا ہے بڑا مہربان ہے		رِ

جب حرف ر سے پہلے کسی حرف پر زبر یا پیش ہو تو حرف ر کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل
بھرے ہوئے ہونے کی کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

آیت/سورہ	الآیت		الحرف
11-7	وَهُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرۡشُهٗ عَلَى الۡمَآءِ لِيَبۡلُوَكُمۡ اَيُّكُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا وَلَئِنۡ قُلۡتَ اِنَّكُمۡ مَّبۡعُوۡثُوۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِ الۡمَوۡتِ لَيَقُوۡلَنَّ		ـَ رُ

	الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۷﴾ اور وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا اور اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا تمہارے پیدا کرنے سے مقصود یہ ہے کہ وہ تم کو آزمائے کہ تم میں عمل کے لحاظ سے کون بہتر ہے۔ اور اے نبی اگر تم کہو کہ تم لوگ مرنے کے بعد زندہ کر کے اٹھائے جاؤ گے تو کافر کہہ دیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہوا۔		
2-252	تِلۡكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا عَلَيۡكَ بِالۡحَقِّ ؕ وَ اِنَّكَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۲۵۲﴾ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو سچائی کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں اور اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم بلاشبہ پیغمبروں میں سے ہو۔		ـُ رُ

جب حرف ر سے پہلے کسی حرف پر زیر ہو تو حرف ر کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل خالی ہونے کی کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

آیت/سورہ	الآیت		الحرف
2-6	اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۶﴾		ـِ رُ

		جو لوگ کافر ہیں انہیں تم نصیحت کرو یا نہ کرو ان کے لئے برابر ہے۔ وہ ایمان نہیں لانے کے۔	

جب حرف ر پر تشدید رّ ہو اور زبر رَّ یا پیش رُّ ہو تو اس کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل بھرے ہوئے ہونے کی کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

الحرف		الآیت	آیت/سورہ
رَّ		لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۚ وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾	3-92
		مومنو! جب تک تم ان چیزوں میں سے جو تمہیں عزیز ہیں اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو گے کبھی نیکی حاصل نہ کر سکو گے اور جو چیز تم خرچ کرو گے اللہ اس کو جانتا ہے۔	
رُّ		وَّ مَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّ لَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾	18-36
		اور نہ خیال کرتا ہوں کہ قیامت برپا ہو اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں۔ تو وہاں ضرور اس سے اچھی جگہ پاؤں گا۔	

جب حرف ر پر تشدید رّ ہو اور زیر رِّ ہو تو اس کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل خالی ہونے کی

کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

آیت/سورہ	الآیت		الحرف
113-2	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ ہر چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی۔		رِّ
6-97	وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اور وہی تو ہے جس نے تمہارے لئے ستارے بنائے تاکہ جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں میں ان سے رستے معلوم کرو۔ عقل والوں کے لئے ہم نے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں۔		رِّ

جب حرف ر موقوف (وہ حرف ر جس پر رکنے کی ضرورت ہو) سے پہلے حرف ی ہو تو حرف ر کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل خالی ہونے کی کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

آیت/سورہ	الآیت		الحرف
57-22	مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ڻ ﴿۲۲﴾ کوئی مصیبت زمین میں اور خود تم پر نہیں پڑتی مگر پیشتر اس کے کہ ہم اسکو پیدا کریں ایک کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔ اور یہ کام اللہ		یْر

	کوآسان ہے۔		
57-15	فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ تو آج تم سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا اور نہ کافروں ہی سے قبول کیا جائے گا تم سب کا ٹھکانہ دوزخ ہے کہ وہی تمہارے لائق ہے۔ اور وہ بری جگہ ہے۔		یُر
17-1	سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ اٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱﴾ وہ قادر مطلق جو ہر خامی سے پاک ہے ایک رات اپنے بندے کو مسجد حرام یعنی خانہ کعبہ سے مسجد اقصے یعنی بیت المقدس تک جسکے چاروں طرف ہم نے برکتیں رکھی ہیں لے گیا تاکہ ہم اسے اپنی قدرت کی نشانیاں دکھائیں۔ بیشک وہ سننے والا ہے دیکھنے والا ہے۔		یُر
3-184	فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ		یُر

بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾

پھر اگر یہ لوگ تم کو جھٹلا رہے ہیں تو تم سے پہلے بہت سے پیغمبر کھلی ہوئی نشانیاں اور صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آ چکے ہیں کہ انکو بھی جھٹلایا گیا تھا۔

جب حرف ر موقوف (وہ حرف رجس پر رکنے کی ضرورت ہو) سے پہلے حرف ی کے سوا کوئی دوسرا حرف ہو جس پر سکون ہو اور اس سے پہلے کے حرف پر زبر یا پیش ہو تو حرف ر کی ادائیگی میں منہ کو اندر کی طرف سے بالکل بھرے ہوئے ہونے کی کیفیت میں رکھنا ہوتا ہے۔

الحرف		الآیت	آیت/سورہ
ـَ بْر		اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۬ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿۳﴾	103-3
		مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور آپس میں حق پر چلنے کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے۔	
ـُ سْر		اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ﴿۲﴾	103-2
		کہ انسان نقصان میں ہے۔	

مدّ

حروف مدّ یا حروف لین کی آواز کو طوالت دینے کو مدّ کہا جاتا ہے۔

حروف مدّ

حروف مدّ تین ہیں۔ ی و ا

مدّ صرف مندرجہ ذیل حروف پر کیا جاتا ہے۔

الف ساکن (اْ) سے پہلے زبر

واو ساکن (وْ) سے پہلے پیش

ی ساکن (یْ) سے پہلے زیر

حروف لین

واو ساکن (وْ) سے پہلے زبر

ی ساکن (یْ) سے پہلے زبر

اقسام مدّ ۔ مدّ اصلی اور مدّ فراعی

مدّ اصلی

جب حرف مدّ کے بعد مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی نہ ہو تو اس کی طوالت صرف ایک الف کے برابر ہوگی۔

ا ۔ کوئی حرف سکون کے ساتھ (ْ) ۔

۲۔ کوئی حرف تشدید کے ساتھ (ّ)۔

۳۔ الھمزہ (ء)۔

الحرف		الآیت	آیت/سورہ
ا		قَالَ اِنَّهٗ یَقُوۡلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوۡلٌ تُثِیۡرُ الۡاَرۡضَ وَلَا تَسۡقِی الۡحَرۡثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِیَةَ فِیۡهَا ؕ قَالُوا الۡـٰٔنَ جِئۡتَ بِالۡحَقِّ ؕ فَذَبَحُوۡهَا وَمَا كَادُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ ﴿۷۱﴾	2-71
		موسیٰ نے کہا کہ اللہ فرماتا ہے کہ وہ بیل کام میں لگا ہوا نہ ہو۔ نہ تو زمین جوتتا ہو اور نہ کھیتی کو پانی دیتا ہو بے عیب ہو اس میں کسی طرح کا داغ نہ ہو۔ کہنے لگے اب تم نے سب باتیں درست بتا دیں غرض بڑی مشکل سے انہوں نے اس بیل کو ذبح کیا جبکہ وہ ایسا کرنے والے لگتے نہ تھے۔	
و		اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسۡتَحۡیٖۤ اَنۡ یَّضۡرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوۡضَةً فَمَا فَوۡقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا فَیَعۡلَمُوۡنَ اَنَّهُ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّهِمۡ ۚ وَاَمَّا الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا فَیَقُوۡلُوۡنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ یُضِلُّ بِهٖ كَثِیۡرًا ۙ وَّیَهۡدِیۡ بِهٖ كَثِیۡرًا ؕ وَمَا یُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الۡفٰسِقِیۡنَ ﴿۲۶﴾	2-26

		اللہ اس بات سے عار نہیں کرتا کہ مچھر یا اس سے بڑھکر کسی چیز مثلاً مکھی مکڑی وغیرہ کی مثال بیان فرمائے۔ اب جو مومن ہیں وہ یقین کرتے ہیں کہ وہ انکے پروردگار کی طرف سے سچ ہے اور جو کافر ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس مثال سے اللہ کی مراد ہی کیا ہے اس سے اللہ بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو ہدایت بخشتا ہے اور گمراہ بھی کرتا ہے تو نافرمانوں ہی کو۔	
ی		بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹۰﴾	2-90
		جس چیز کے بدلے انہوں نے اپنے تئیں بیچ ڈالا وہ بہت بری ہے یعنی اس جلن سے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنی مہربانی سے نازل فرماتا ہے اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب سے کفر کرنے لگے تو وہ اس کے غضب بالائے غضب میں مبتلا ہو گئے اور کافروں کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔	

مدّ فراعی

جب حرف مدّ کے بعد کوئی حرف سکون (ْ) کے ساتھ ہو یا ھمزہ (ء) ہو تو مدّ فراعی کی طوالت دو سے چار الف کے برابر ہوگی۔ مثال جآء

مدّ فراعی چار قسم کے ہیں۔

مدّ متصل

مدّ منفصل

مدّ لازم

مدّ عارض

مدّ متصل (ملا ہوا مدّ)

اگر حرف مدّ کے بعد اسی لفظ میں ھمزہ (ء) ہو تو یہ مدّ متصل کہلاتا ہے اور اس کی طوالت دو سے چار الف کے برابر (چار سے چھ سیکنڈ) ہوگی۔

الحرف		الآیت	آیت/سورہ
آء		إِذَا جَآءَ نَصۡرُ ٱللَّهِ وَٱلۡفَتۡحُ ۝١	110-1
		جب اللہ کی مدد آپہنچی اور فتح حاصل ہوگئی۔	

آء		إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾ جو لوگ کافر ہیں انہیں تم نصیحت کرو یا نہ کرو ان کے لئے برابر ہے۔ وہ ایمان نہیں لانے کے۔	2-6
وٓء		وَمَن يَعْمَلْ سُوٓءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللَّهَ يَجِدِ اللَّهَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١١٠﴾ اور جو شخص کوئی برا کام کر بیٹھے یا اپنے حق میں ظلم کر لے پھر اللہ سے بخشش مانگے تو اللہ کو بڑا بخشنے والا بڑا مہربان پائے گا۔	4-110
وٓء		وَالَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ أُولَٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوٓءُ الدَّارِ ﴿٢٥﴾ اور جو لوگ اللہ سے پختہ عہد کر کے اسکو توڑ ڈالتے اور جن رشتوں کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے انکو قطع کر دیتے اور ملک میں فساد کرتے ہیں ایسوں پر لعنت ہے اور انکے لئے برا انجام ہے۔	13-25

4-4	وَ اٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحۡلَةً ؕ فَاِنۡ طِبۡنَ لَكُمۡ عَنۡ شَىۡءٍ مِّنۡهُ نَفۡسًا فَكُلُوۡهُ هَنِيۡٓـًٔا مَّرِيۡٓـًٔا ﴿۴﴾ اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دے دیا کرو ہاں اگر وہ اپنی خوشی سے اس میں سے کچھ تم کو چھوڑ دیں تو اسے مزے سے کھا لو۔		یٓء
89-23	وَجِایْٓءَ يَوۡمَئِذٍۢ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوۡمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الۡاِنۡسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكۡرٰى ؕ ﴿۲۳﴾ اور دوزخ اس دن سامنے لائی جائے گی تو انسان اس دن سوچے گا مگر اب سوچنے سے اسے فائدہ کہاں مل سکے گا۔		یٓء

مدّ منفصل (علیحدہ مدّ)

اگر حرف مدّ کے بعد اگلے لفظ میں ہمزہ (ء) ہو تو یہ مدّ منفصل کہلاتا ہے اور اس کی طوالت دو سے چار الف کے برابر (چار سے چھ سیکنڈ) ہوگی۔

آیت/سورہ	الآیت		الحرف
108-1	اِنَّآ اَعۡطَيۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ ؕ ﴿۱﴾ اے نبی ﷺ ہم نے تمکو کوثر یعنی بہت زیادہ بھلائی عطا فرمائی ہے۔		آ أ

آ أ		اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ فِیۡ لَیۡلَةِ الۡقَدۡرِ ۝١ ہم نے اس قرآن کو شب قدر میں نازل کرنا شروع کیا۔	97-1
وٓا أ		یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا قُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ وَ اَهۡلِیۡكُمۡ نَارًا وَّقُوۡدُهَا النَّاسُ وَالۡحِجَارَةُ عَلَیۡهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا یَعۡصُوۡنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمۡ وَیَفۡعَلُوۡنَ مَا یُؤۡمَرُوۡنَ ۝٦ مومنو! اپنے آپکو اور اپنے اہل و عیال کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہونگے اور جس پر تندخو اور سخت گیر فرشتے مقرر ہیں وہ کسی حکم کی جو اللہ انکو دیتا ہے نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم انکو ملتا ہے اسے بجا لاتے ہیں۔	66-6
وٓا أ		وَلَا جُنَاحَ عَلَیۡكُمۡ فِیۡمَا عَرَّضۡتُمۡ بِهٖ مِنۡ خِطۡبَةِ النِّسَآءِ اَوۡ اَكۡنَنۡتُمۡ فِیۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمۡ سَتَذۡكُرُوۡنَهُنَّ وَلٰكِنۡ لَّا تُوَاعِدُوۡهُنَّ سِرًّا اِلَّاۤ اَنۡ تَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا مَّعۡرُوۡفًا وَلَا تَعۡزِمُوۡا عُقۡدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰی یَبۡلُغَ الۡكِتٰبُ اَجَلَهٗ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ یَعۡلَمُ مَا فِیۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ فَاحۡذَرُوۡهُ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ حَلِیۡمٌ ۝٢٣٥	2-235

	اگر تم اشارے کنائے کی باتوں میں عورتوں کو نکاح کا پیغام بھیجو یا نکاح کی خواہش کو اپنے دلوں میں مخفی رکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ اللہ کو معلوم ہے کہ تم ان سے نکاح کا ذکر کرو گے۔ مگر ایام عدّت میں اس کے سوا کہ دستور کے مطابق کوئی بات کہہ دو پوشیدہ طور پر ان سے قول و قرار نہ کرنا اور جب تک عدّت پوری نہ ہو لے نکاح کا پختہ ارادہ نہ کرنا اور جان رکھو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ کو سب معلوم ہے تو اس سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ بخشنے والا ہے حلم والا ہے۔		
51-21	وَ فِيٓ أَنْفُسِكُمْ ط اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝٢١ اور خود تمہاری جانوں میں۔ تو کیا تم دیکھتے نہیں۔		أ ىٓ
4-135	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰامِيْنَ بِالْقِسْطِ ط شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَ لَوْ عَلٰٓى أَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَ الْاَقْرَبِيْنَ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا ج اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا قف فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝١٣٥		أ لَٓى

اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو اور اللہ کے لئے سچّی گواہی دو خواہ یہ تمہارے اپنے خلاف یا تمہارے ماں باپ اور رشتہ داروں کے خلاف ہی ہو۔ اگر کوئی امیر ہے یا فقیر تو اللہ ان دونوں کا زیادہ خیر خواہ ہے۔ پس تم خواہش نفس کے پیچھے چل کر عدل کو نہ چھوڑ دینا۔ اگر تم لگی لپٹی بات کہو گے یا سچائی سے پہلوتہی کرو گے تو جان رکھو اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔

مدّ لازم (ضروری مدّ)

اگر حرف مدّ کے بعد ایک ساکن حرف ہو جو علیحدہ نہ کیا جا سکے تو یہ مدّ لازم کہلاتا ہے اور اس کی طوالت تین سے پانچ الف کے برابر (چھ سیکنڈ) ہوگی۔

الآیت	آیت/سورہ
كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿١﴾	19-1
کھیعص	
قٓ ۚ قف وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿١﴾	50-1
ق۔ قرآن مجید کی قسم۔	
نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ ﴿١﴾	68-1

	ن۔ قلم کی اور جو کچھ لکھنے والے لکھتے ہیں اسکی قسم۔	
43-1	حٰمٓ ﴿١﴾	
	حٰمٓ۔	
2-1	الٓمّٓ ﴿١﴾	
	الم۔	
42-1	حٰمٓ ﴿١﴾ عٓسٓقٓ ﴿٢﴾	
	عسق۔ حٰمٓ۔	

مدّ عارض (فوری وقفہ مدّ)

اگر حرف مدّ کے بعد ایک ساکن حرف ہو جس پر فوری طور پر رکنا پڑے تو یہ مدّ عارض کہلاتا ہے اور اس کی طوالت ایک سے پانچ الف کے برابر (دو سے پانچ سیکنڈ) ہوگی۔

آیت/سورہ	الآیت		الحرف
46-32	وَمَنۡ لَّا يُجِبۡ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيۡسَ بِمُعۡجِزٍ فِي الۡاَرۡضِ وَلَيۡسَ لَهٗ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿٣٢﴾		آءُ ط
	اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے کی بات قبول نہ کرے گا تو وہ زمین میں اللہ کو عاجز نہیں کر سکے گا اور نہ اسکے سوا اس کے حمایتی		

	ہوں گے۔ یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔		
67-27	فَلَمَّا رَاَوۡهُ زُلۡفَةً سِيۡٓـَٔتۡ وُجُوۡهُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَقِيۡلَ هٰذَا الَّذِىۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ تَدَّعُوۡنَ ﴿۲۷﴾		وْن
	سو جب وہ دیکھ لیں گے کہ وہ عذاب قریب آگیا تو کافروں کے منہ بگڑ جائیں گے۔ اور ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی ہے جسکے تم طلبگار تھے۔		
19-37	فَاخۡتَلَفَ الۡاَحۡزَابُ مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ‌ۚ فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ مَّشۡهَدِ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿۳۷﴾		یْم
	پھر اہل کتاب کے فرقوں نے باہم اختلاف کیا۔ سو جو لوگ کافر ہوئے ہیں ان کو بڑے دن یعنی قیامت کے روز حاضر ہونے سے خرابی ہے۔		

حروف الشّمسیّہ والقمریّہ

جب (اَلْ) کسی اسم عام کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو اسم عام کے آخری حرف کی تنوین (ٍ ٌ ً) حرکت میں بدل جاتی ہے اور لفظ اسم خاص بن جاتا ہے۔ تمام حروف دو اقسام میں ہوتے ہیں۔

شمسی حروف اور قمری حروف۔

شمسی حروف

مندرجہ ذیل حروف میں سے کوئی حرف اگر اسم عام کا پہلا حرف ہو تو (اَلْ) کے (ل) کی آواز ادا نہیں ہوگی بلکہ اسم کے پہلے حرف کو تشدید (ّ) کے ساتھ ادا کیا جائے گا۔ یہ حروف شمسی کہلاتے ہیں۔

ت ث د ذ ر ز س

ش ص ض ط ظ ل ن

الحرف			الآیت	آیت/سورہ
ت	اَلتِّیْنِ		وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ﴿۱﴾	95-1
			انجیر کی قسم اور زیتون کی۔	
ث	اَلثَّالِثَةَ		وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰی ﴿۲۰﴾	53-20

	اور تیسری مورتی یعنی منات کو۔			
76-1	هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿١﴾	🔈	اَلدَّهْرِ	د
	بیشک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔			
51-1	وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿١﴾	🔈	اَلذّٰرِيٰتِ	ذ
	بکھیرنے والی ہواؤں کی قسم جو اڑا کر بکھیر دیتی ہیں۔			
30-2	غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿٢﴾	🔈	اَلرُّوْمُ	ر
	اہل روم مغلوب ہو گئے۔			
37-2	فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿٢﴾	🔈	اَلزّٰجِرٰتِ	ز
	پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر۔			
37-6	اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ﴿٦﴾	🔈	اَلسَّمَآءَ	س
	بیشک ہم ہی نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے سجایا۔			

حرف	لفظ	آڈیو	آیت	حوالہ
ش	اَلشَّمْسِ		وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝١ سورج کی قسم اور اسکی دھوپ کی۔	91-1
ص	اَلصّٰٓفّٰتِ		وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝١ قسم ہے سلیقے سے صف باندھنے والوں کی۔	37-1
ض	اَلضُّحٰى		وَالضُّحٰى ۝١ آفتاب کی روشنی کی قسم۔	93-1
ط	اَلطُّوْرِ		وَالطُّوْرِ ۝١ کوہ طور کی قسم۔	52-1
ظ	اَلظَّنَّ		وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۝٢٨ حالانکہ انکو اسکی کچھ خبر نہیں۔ وہ صرف خیال و گمان پر چلتے ہیں جبکہ خیال و گمان حق کے مقابلے میں کچھ کام نہیں آتا۔	53-28
ل	اَلَّيْلِ		وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝١	92-1

			رات کی قسم جب وہ چھا جائے۔	
ن	اَلنَّجْمِ		وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝١	53-1
			ستارے کی قسم جب غائب ہونے لگے۔	

قمری حروف

مندرجہ ذیل حروف میں سے کوئی حرف اگر اسم عام کا پہلا حرف ہو تو (اَلْ) کے (ل) کی آواز ادا ہوگی ۔ یہ حروف قمری کہلاتے ہیں۔

ا	ب	ج	ح	خ	ع	غ
ف	ق	ك	م	و	ه	ى

الحرف			الآیت	آیت/سورہ
ا	اَلْاِنْسَانِ		هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ۝١	76-1
			بیشک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔	

ب	اَلْبَلَدِ	لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝١ میں اس شہر یعنی مکے کی قسم کھاتا ہوں۔	90-1
ج	اَلْجُمُعَةِ	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝٩ مومنو! جب جمعے کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف لپکو اور خرید وفروخت ترک کر دو اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔	62-9
ح	اَلْحَآقَّةُ	اَلْحَآقَّةُ ۝١ سچ مچ ہونے والی۔	69-1
خ	اَلْخَنَّاسِ	مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝٤ اس بڑے وسوسہ ڈالنے والے کی برائی سے جو اللہ کا نام سن کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔	114-4
ع	اَلْعِهْنِ	وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝٥ اور پہاڑ ایسے ہو جائیں گے جیسے دھنکی ہوئی رنگ برنگی	101-5

	اون۔			
88-1	هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿۱﴾ بھلا تمکو ڈھانپ لینے والی یعنی قیامت کا حال معلوم ہوا ہے۔		اَلْغَاشِيَةِ	غ
113-1	قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ کہو کہ میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں۔		اَلْفَلَقِ	ف
54-1	اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾ قیامت قریب آپہنچی اور چاند شق ہوگیا۔		اَلْقَمَرُ	ق
18-9	اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ کیا تم خیال کرتے ہو کہ غار اور لوح والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب تھے۔		اَلْكَهْفِ	ك
73-1	يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ اے کملی میں لپٹنے والے۔		اَلْمُزَّمِّلُ	م

و	اَلْوَسْوَاسِ		مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ اس بڑے وسوسہ ڈالنے والے کی برائی سے جو اللہ کا نام سن کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔	114-4
ھ	اَلْھٰکُمُ		اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ﴿١﴾ لوگو تمکو زیادہ سے زیادہ مال سمیٹنے کی خواہش نے غفلت میں ڈالے رکھا۔	102-1
ی	اَلْیَتِیْمَ		کَلَّا بَلْ لَّا تُکْرِمُوْنَ الْیَتِیْمَ ﴿١٧﴾ یوں نہیں۔ بلکہ تم لوگ یتیم کی خاطر نہیں کرتے۔	89-17

وقف سے پہلے آخری حرف ساکن۔

اگر کسی لفظ کے آخری حرف پر حرکت (ـَ ـُ ـِ) یا دو زیر یا دو پیش کی تنوین (ٍ ٌ)ہو تو وقف ہونے کی صورت میں وہ آخری حرف ساکن ہوجاتا ہے۔

		الآیت	آیت/سورہ
یَعۡلَمُوۡن << یَعۡلَمُوۡنَ		تِلۡكَ اُمَّةٌ قَدۡ خَلَتۡ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَ لَكُمۡ مَّا كَسَبۡتُمۡ ۚ وَلَا تُسۡـَٔلُوۡنَ عَمَّا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۴۱﴾	2-141
		یہ ایک جماعت گذر چکی۔ انکو وہ ملے گا جو انہوں نے کیا اور تم کو وہ جو تم نے کیا اور جو عمل وہ کرتے تھے ان کی پرسش تم سے نہیں ہوگی۔	
قَدِیۡر << قَدِیۡرٌ		وَلِكُلٍّ وِّجۡهَةٌ هُوَ مُوَلِّيۡهَا ۚ فَاسۡتَبِقُوا الۡخَيۡرٰتِ ؕ اَيۡنَ مَا تَكُوۡنُوۡا يَاۡتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيۡعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۱۴۸﴾	2-148

		اور ہر ایک شخص کے لئے ایک سمت مقرر ہے جدھر وہ عبادت کے وقت منہ کیا کرتا ہے تو تم نیکیوں میں سبقت حاصل کرو۔ تم جہاں ہو گے اللہ تم سب کو جمع کرے گا بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔	

وقف سے پہلے آخری حرف پر زبر۔

اگر کسی لفظ کے آخری حرف پر دو زبر کی تنوین (ً)ہو تو وقف ہونے کی صورت میں وہ آخری حرف پر ایک زبر آجاتا ہے۔

اَفۡوَاجًا >> اَفۡوَاجَا		وَرَاَيۡتَ النَّاسَ يَدۡخُلُوۡنَ فِىۡ دِيۡنِ اللّٰهِ اَفۡوَاجًا ﴿۲﴾ اور اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم تم نے دیکھ لیا کہ لوگ فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں۔	110-2

وقف سے پہلے آخری حرف پر تا مربوطہ۔

اگر کسی لفظ کا آخری حرف تا مربوطہ ۃ ہے تو وقف ہونے کی صورت میں وہ آخری حرف ہ میں بدل جاتا ہے۔

مَّعۡرُوۡفَةٌ ؕ >> مَّعۡرُوۡفَهۡ ؕ		وَاَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَيۡمَانِهِمۡ لَـئِنۡ اَمَرۡتَهُمۡ لَيَخۡرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقۡسِمُوۡا ۚ طَاعَةٌ مَّعۡرُوۡفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۵۳﴾	24-53

اور یہ اللہ کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر تم انکو حکم دو تو سب گھروں سے نکل کھڑے ہوں۔ کہدو کہ قسمیں مت کھاؤ پسندیدہ فرمانبرداری درکار ہے بیشک اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔

وقف کرنا یعنی رکنا اسی وقت درست ہے کہ جب اس لفظ کے ادا کرنے سے پہلے سانس لی جائے۔ آخری لفظ کو ادا کرنا اور پھر سانس نہ لینا درست نہیں ہے۔

اگر وقف کرنا منظور نہ ہو۔

اگر تنوین (ً ٍ ٌ) کے بعد ساکن حرف آجائے تو تنوین زیر والے نون نِ میں بدل جائے گی اور اگلے ساکن حرف سے ملا کر تلاوت کی جائے گی۔ یہ نون قطنی کہلاتا ہے۔

لُمَزَةِ نِ الَّذِی >> لُمَزَةٍ ۙ ﴿۱﴾ اَلَّذِیْ

104-1

وَیۡلٌ لِّکُلِّ ہُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ ﴿۱﴾
نِ الَّذِیۡ جَمَعَ مَالًا وَّ عَدَّدَهٗ ۙ ﴿۲﴾

ہر غیبت کرنے والے طعنے دینے والے کی خرابی ہے۔
جو مال جمع کرتا ہے اور اسکو گن گن کر رکھتا ہے۔

اگر وقف کرنا منظور ہو۔
تو تنوین نہیں پڑھی جائے گی۔

لُّمَزَةِ ۝۱ اَلَّذِیْ		وَیْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۝۱ اَلَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّ عَدَّدَهٗ ۝۲ ہر غیبت کرنے والے طعنے دینے والے کی خرابی ہے۔ جو مال جمع کرتا ہے اور اسکو گن گن کر رکھتا ہے۔	104-1

وقف کرنا یعنی رکنا ضروری ہے۔

رموز		الآیت	آیت/سورہ
م		اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَیَقُوْلُوْنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ م یُضِلُّ بِهٖ كَثِیْرًا ۙ وَّ یَهْدِیْ بِهٖ كَثِیْرًا ؕ وَ مَا یُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِیْنَ ۝۲۶ اللہ اس بات سے عار نہیں کرتا کہ مچھر یا اس سے بڑھکر کسی چیز مثلاً مکھی مکڑی وغیرہ کی مثال بیان فرمائے۔ اب جو مومن ہیں	2-26

	وہ یقین کرتے ہیں کہ وہ انکے پروردگار کی طرف سے سچ ہے اور جو کافر ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس مثال سے اللہ کی مراد ہی کیا ہے اس سے اللہ بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو ہدایت بخشتا ہے اور گمراہ بھی کرتا ہے تو نافرمانوں ہی کو۔		

وقف کرنا یعنی رکنا جب بات مکمل ہوجائے۔

ط		وَ اِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ؕ ﴿٨﴾ اور جو چیز زمین پر ہے ہم اسکو نابود کر کے بنجر میدان کر دیں گے۔	18-8

آواز کی ادائیگی میں وقف کرنا یعنی رکنا بغیر سانس توڑے ہوئے ۔

وقفة		لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ع ﴿٢٨٦﴾	2-286

		اللہ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ کا ذمہ دار نہیں بناتا اچھے کام کرے گا تو اس کو ان کا فائدہ ملے گا برے کرے گا تو اسے انکا نقصان پہنچے گا۔ اے پروردگار اگر ہم سے بھول یا چوک ہو گئی ہو تو ہم سے مواخذہ نہ کیجیو۔ اے پروردگار ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیو جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے پروردگار جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اتنا بوجھ ہم پر نہ رکھیو۔ اور اے پروردگار ہمارے گناہوں سے درگزر کر۔ اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہی ہمارا مددگار ہے۔ سو ہم کو کافروں پر غالب کر۔	
سکتہ		كَلَّا بَلْ سکتہ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿١٤﴾ ہرگز نہیں بات یہ ہے کہ یہ جو اعمال بد کرتے ہیں۔ ان کا انکے دلوں پر زنگ بیٹھ گیا ہے۔	83-14

تلاوت جاری رکھنا بغیر وقفہ کئے ہوئے۔

لا		اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿١٤﴾ بیشک میں ہی اللہ ہوں۔ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری عبادت کیا کرو۔ اور میری یاد کے لئے نماز پڑھا کرو۔	20-14

تلاوت جاری رکھنا بغیر وقفہ کئے ہوئے بہتر ہے۔

18-24	اِلَّآ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ‌ۚ وَاذۡكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيۡتَ وَقُلۡ عَسٰٓى اَنۡ يَّهۡدِيَنِ رَبِّىۡ لِاَقۡرَبَ مِنۡ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ مگر ان شاء اللہ کہہ کر یعنی اگر اللہ چاہے تو کر دوں گا اور جب اللہ کا نام لینا بھول جاؤ تو یاد آنے پر لے لو۔ اور کہدو کہ امید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس سے بھی زیادہ ہدایت کی باتیں بتائے۔	م
19-17	فَاتَّخَذَتۡ مِنۡ دُوۡنِهِمۡ حِجَابًا ۖ قف فَاَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهَا رُوۡحَنَا فَتَمَثَّلَ ۖ قف لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾ پھر انہوں نے انکی طرف سے پردہ کر لیا تو ہم نے ان کی طرف اپنا فرشتہ بھیجا سو وہ انکے سامنے ایک خوبصورت مرد کی صورت میں آیا۔	ص
18-4	وَّيُنۡذِرَ الَّذِيۡنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ق ﴿٤﴾ اور ان لوگوں کو بھی ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے کسی کو بیٹا بنا لیا ہے۔	ق
18-13	نَحۡنُ نَقُصُّ عَلَيۡكَ نَبَاَهُمۡ بِالۡحَقِّ‌ ط اِنَّهُمۡ فِتۡيَةٌ اٰمَنُوۡا بِرَبِّهِمۡ وَزِدۡنٰهُمۡ هُدًى ۖ ق ﴿١٣﴾	صلے

ہم انکے حالات تم سے صحیح صحیح بیان کرتے ہیں۔ وہ کئی نوجوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے۔ اور ہم نے انکو اور زیادہ ہدایت دی تھی۔

لمبا سکتہ کرنا اور وقفہ کرنا بہتر ہے۔

قف

2-285

اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡہِ مِنۡ رَّبِّہٖ وَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ کُلٌّ
اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَ مَلٰٓئِکَتِہٖ وَ کُتُبِہٖ وَ رُسُلِہٖ ۟ قف لَا نُفَرِّقُ بَیۡنَ اَحَدٍ
مِّنۡ رُّسُلِہٖ ۟ قف وَ قَالُوۡا سَمِعۡنَا وَ اَطَعۡنَا ٭۫ غُفۡرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیۡکَ
الۡمَصِیۡرُ ﴿۲۸۵﴾

رسول اللہ ﷺ اس کتاب پر جو ان کے پروردگار کی طرف سے ان پر نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور مومن بھی۔ سب اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اس کے پیغمبروں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور وہ اللہ سے عرض کرتے ہیں کہ ہم نے تیرا حکم سنا اور قبول کیا۔ اے پروردگار ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

تلاوت جاری رکھنا یا وقفہ کرنا اختیاری ہے۔

18-27	ج قف وَ اتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾		ج
	اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو۔ اسکی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں۔ اور اسکے سوا تم کہیں پناہ بھی نہیں پاؤ گے۔		